ہندستانی خاتون کاروباری پریئم بدوریا انٹرنیشنل خطاب سے نوازی گئی

کلکتہ، یکم نومبر: 65 ممالک میں پھیلی سوئیزر لینڈ کی فیملی بزنس نٹ ورک (FBN) کی جانب سے کلکتہ میں کاروباری پریئم بدوریا کو پیپلز چوائس ایوارڈ 2020ء سے نوازا گیا۔ انہیں آبی تحفظ پروجیکٹ کیلئے نامزد کیا گیا تھا۔ اس باوقار خطاب کیلئے 26 ممالک سے شرکاء نے حصہ لیا تھا۔

پریئم بدوریا ممتاز صنعتی گھرانہ پٹون گروپ سے جڑی ہیں اور پانی تحفظ کیلئے بارش کا پانی اسٹاک اور زمینی پانی کو دوبارہ قابلِ استعمال بنانے کیلئے شمسی توانائی کے امور پر کام کررہی ہیں۔

صدر فرانس کی شانِ رسالتؐ میں گستاخی کے خلاف

جمعیۃ علماء گارڈن ریچ کا پرامن انسانی زنجیر جلوس آج

صدر فرانس کی ناموس رسالت ﷺ کے حوالے سے مسلسل گستاخی اور توہین رسالت کو اظہار آزادئ رائے کا نام دیکر جائز ٹھہرانے کی شیطانی حرکت کے خلاف جمعیۃ علماء گارڈن ریچ کے زیر اہتمام اور مولانا مشرف حسین حبیبی (خطیب وامام بڑی مسجد محمدی) کی قیادت میں آئندہ 2 نومبر دوپہر 2.30 سے 3.30 تک بڑی مسجد محمدی مٹیابرج سے شاہی امام باڑہ تک کووڈ 19 کے ضابطوں کی مکمل پیروی کے ساتھ 'پرامن انسانی زنجیر' کے عنوان سے ایک جلوس نکالا جائے گا۔ جس میں صدر فرانس کی رسالت مآب ﷺ کی توہین وتحقیر کی شیطانی حرکت اور اس پر معافی مانگنے کے بجائے فرعونیت کا مظاہرہ کر کے مسلمانوں کو خوفزدہ کرنے کی ناکام کوشش کے خلاف احتجاج کیا جائے گا۔ گارڈن ریچ، مٹیابرج اور قرب وجوار کے مسلمانوں سے اس جلوس میں شریک ہوکر اپنی ایمانی حمیت اور ہادی عالم ﷺ سے محبت والفت کے اظہار کی درخواست ہے۔